اسلامی ممالک کی پارلیمانی یونین کی 34ویں ایگزیکٹو کمیٹی کا

اسلام آباد اعلامیہ

اسلام آباد، اسلامی جمہوریہ پاکستان

7اور 8ستمبر، 2015

ہم، اوآئی سی کے ممبران ممالک کی پارلیمینٹری یونین (PUIC) کی ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان، قومی اسمبلی آف پاکستان کی دعوت پر، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں پیر 7اور منگل 8ستمبر 2015 بمطابق 24ذیقعدۃ 1436ہجری کو منعقد ایگزیکٹو کمیٹی کی 34ویں میٹنگ میں شریک، یہ اعلامیہ کرتے ہیں کہ:

1۔ہم اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کو تسلیم کرتے ہیں جس میں مشاورت اور اسلامی اخوت و بھائی چارہ کی تاکید کی گئی ہے، جو PUIC کی بنیاد کا سبب ہے؛

2۔PUIC کی جانب سے اسلامی اقدار کے تحفظ اور مشترکہ سیاسی، معاشی اور سماجی مفادات کے حصول کے لئے ممبران پارلیمان کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کے اقدامات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں؛

3۔دہشت گردی اور پرتشدد انتہاپسندی کے خلاف مربوط حکمت عملی بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ اور ذمہ داری کو نبھانے کا عزم کرتے ہیں؛ اور دہشت گردی کی ہر قسم اور طریقہ کار کی مذمت کرتے ہیں؛

ہمارا عزم ہے کہ ہم:

4۔فلسطینی عوام کے اپنے مقبوضہ علاقوں کو آزاد کروانے کے لئے اسرائیلی جارحیت کے خلاف ہر ممکن ذرائع کے استعمال سے مقابلہ کرنے کے عزم و استقلال اور فلسطینی عوام کے حق خودارادیت اور القدس الشریف بحیثیت دارالحکومت کے آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کے لئے جدوجہد کی حمایت کرتے ہیں؛

5۔PUIC کی جانب سے پاکستان کی دہشت گردی کے خلاف کوششوں کی حمایت کو جاری رکھیں گے اور عالمی امن اور سلامتی کی جدوجہد میں 65ہزار پاکستانیوں کی جانی قربانیوں کا اعتراف کرتے ہیں؛

6۔اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق مسئلہ جموں وکشمیر کے پرامن حل کا مطالبہ کرتے ہیں؛ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے پاکستان کے اصولی موقف کی تائید کرتے ہیں اور مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی افواج کی جانب سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہیں؛

7۔عراقی عوام کی جانب سے دہشت گردی اورعراق کے تمام علاقوں کو دہشت گردوں کے تسلط سے آزاد کرانے کی جدوجہد کی حمایت کرتے ہیں۔

8۔بین الاقوامی برادری کو دہشت گردی کی بنیادی وجوہات جو احساس محرومی، مایوسی اور پر تشدد کاروائیوں کو ہوا دیتی ہیں، سے نمٹنے کی یاددہانی کراتے ہیں

9۔بھارت کی جانب سے پاکستان اور بھارت کے مابین جنگ بندی کے معاہدے کی کھلی خلاف ورزی کرتے ہوئے لائن آف کنٹرول (LOC) اور ورکنگ باؤنڈری کے اطراف بلا اشتعال فائرنگ اور LOC کے اطراف خواتین، بچوں اور بوڑھوں سمیت کثیر تعداد میں شہریوں کی ہلاکت کی مذمت کرتے ہیں؛

10۔اسرائیل کی جانب سے فلسطینی عوام کے خلاف جارحیت اور ظلم وستم پر مبنی روا رکھے جانے والے سلوک اور شام کے علاقے گولان اور لبنانی علاقوں پر اسرائیلی قبضہ کی مذمت کرتے ہیں؛

11۔غیر مسلم ریاستوں میں مقیم مسلم اقلیتوں کے بنیادی حقوق اور آزادی اور اُن کے مذہبی، سیاسی، شہری، معاشی، سماجی اور ثقافتی حقوق کو یقینی بنانے کی حمایت کرتے ہیں؛

12۔OIC کے مسلم امہ کے مسائل بشمول اسلاموفوبیہ، مذہب کی تضحیک اور بالخصوص غیر مسلم ممالک میں مسلمانوں سے رواں رکھے جانے والے سلوک کے حل اوران کے مفادات کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرنے پر زور دیتے ہیں؛

13۔ماحولیاتی تبدیلی اور موسمی تغیرات کے سنگین مضمرات پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہیں اور ماحولیاتی استحکام کے حصول کے لئے اسے ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لئے ضروری اقدامات اٹھانے کے لئے PUIC ممبران ممالک کی توجہ اس مسئلہ کی جانب مبذول کراتے ہیں۔

اوآئی سی اراکین ممالک کی پارلیمانی یونین (PUIC) کی ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران نے قومی اسمبلی آف پاکستان کی جانب سے موجودہ دور میں امت مسلمہ کو درپیش چیلنجوں پر بحث کے لئے ایک دوستانہ اور بہترین ماحول فراہم کرنے پر شکریہ ادا کیا۔انہوں نے یونین کے مقاصد کے حصول کے لئے PUIC کے سیکرٹری جنرل اور جنرل سیکرٹریٹ کے عملہ کی جانب سے مسلسل کاوشوں کو بھی سراہا۔